PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

مشکل وقت میں کھلاڑیوں کا ساتھ دینے کی ضرورت ہے، شاہد آفریدی

کراچی، 14 جولائی 2021ء:

شاہد آفریدی پاکستان کے شہرہ آفاق کرکٹرز میں سے ہیں، شاہد آفریدی نے انگلینڈ کے خلاف ہونے والی حالیہ ون ڈے سیریز میں پاکستان قومی ٹیم کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ اس سیریز کا اختتام ایجبسٹن میں تین وکٹوں سے انگلینڈ کی جیت کے ساتھ ہوا۔ انگلینڈ نے یہ سیریز 3-0 سے جیت لی۔

شاہد آفریدی نے اپنے بیس سالوں پر محیط کیریئر میں 27 ٹیسٹ، 398 ون ڈے انٹرنیشنل اور 99 ٹی ٹونٹی میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کا اعزاز حاصل کر رکھا ہے۔ شاہد آفریدی محسوس کرتے ہیں کہ کھلاڑیوں کو اپنے فینز کی حمایت کی ضرورت ہے خاص طور اس وقت جب خراب کارکردگی کی وجہ سے کھلاڑیوں کے مورال میں کمی آچکی ہو۔

ان کا کہنا ہے کہ اس وقت پاکستان کی قومی ٹیم بہترین کھلاڑیوں پر مشتمل ہے، ان کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے۔ کھلاڑیوں حال میں اپنی پرفارمنس سے ثابت بھی کیا ہے۔ تاہم ان میں کچھ کھلاڑی کافی وقت سے پرفارم کر رہے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا نے یہ ہمارے شاندار کھلاڑی ہیں۔

شاہد آفریدی نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا ہمیں اپنے کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھانا ہو گا اور مشکل وقت میں ایک کرکٹ فین کے طور پر اور سابق کھلاڑی ہونے کی حیثیت سے اپنے کھلاڑیوں کا ساتھ دینا ہو گا۔

انھوں نے کہا کہ میدان میں لڑ کر ہارنے والی ٹیم کو قبول کرنا چاہیئے۔ میں یہ بھی محسوس کرتا ہوں حالیہ سالوں میں کرکٹ بہت تبدیل ہو چکی ہے۔ اب اٹیک ہی آپ کی دفاعی صلاحیت ہے اس کے علاوہ کامیابی نہیں ہے اور وائٹ بال فارمیٹ میں تو یہ اور بھی ضروری ہو جاتا ہے۔

ہمارے کھلاڑی اٹیک کرنے اور روکنے میں اچھے ہیں، اس کے علاوہ ہمیں درمیانی راستہ پر دھیان دینا ہو گا خاص طور پر ون ڈے فارمیٹ میں اس پر توجہ دینا ہو گی۔ تمام کھلاڑیوں کو اپنی پوری صلاحیت کا پورا استعمال کرنا ہو گا۔

شاہد آفریدی نے 2009 میں ہونے والے آئی سی سی ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کی جیت میں اہم کردار ادا کیا تھا وہ سمجھتے ہیں کہ موجودہ ٹیم میں 2009 کا کارنامہ سرانجام دینے کی پوری صلاحیت ہے، خاص طور پر جب ٹورنامنٹ متحدہ عرب امارات میں ہو رہا ہے جہاں پر پاکستان ٹیم کی کارکردگی ہمیشہ سے اچھی رہی ہے۔

شاہد آفریدی نے کہا کہ متحدہ عرب امارات میں دنیا کی بہترین ٹیموں کے خلاف ہمارا ریکارڈ اچھا رہا ہے۔ یو اے ای کے حالات میں اسپنرز اور بیٹسمینوں کا کردار بہت اہم ہے۔ اگر گیند ریورس ہونا شروع ہو جائے تو اس کے لیے ہمارے پاس صلاحیت موجود ہے۔ شاہد نے کہا کہ اگر ہم نے اپنی اصل طاقت کو استعمال کیا تو ہم یہ ٹورنامنٹ جیت سکتے ہیں۔

شاہد آفریدی نے کہا کہ وہ فٹنس اور کرکٹ کے لئے پر عزم ہیں، انکا کہنا ہے جب تک وہ فٹ ہیں فرنچائز اور کلب کرکٹ کھیلتے رہیں گے، کیونکہ یہ ان کے مرحوم والد کی خواہش تھی۔

اس موقع پر شاہد آفریدی نے نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا اور اپنے بیس سالہ کیریئر کے تجربات بھی شئیر کئے۔

پی سی بی اور شاہد آفریدی فاؤنڈیشن پارٹنرشپ: پاکستان کرکٹ بورڈ نے مزید دو سال کے لیے شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ پی سی بی اگلے دو سال کے لیے شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کا چیریٹی پارٹنر رہے گا۔

شاہد آفریدی نے پی سی بی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے حالیہ سالوں میں فاؤنڈیشن کے کام کے بارے میں بتایا۔

شاہد آفریدی نے اس موقع پر کہا پی سی بی کے ساتھ پارٹنرشپ میرے لیے اعزاز اور خوشی کی بات ہے اور پاکستان بورڈ کے ساتھ میرا تعلق بیس سالوں پر محیط ہے اور یہ تعلق اُس وقت سے ہے جب میں نے پہلی مرتبہ پروفیشنل کرکٹ کھیلی۔

ایس اے ایف کے منصوبوں پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا ہم پورے ملک میں پروجیکٹس پر کام کر رہے ہیں، ذاتی حیثیت سے مجھے تعلیم اور پانی کے منصوبوں میں دلچسپی ہے اور ہم نے غیر ترقی یافتہ علاقوں میں اس پر کام بھی کیا ہے۔ انہوں نے خواہش کا اظہار کیا کہ انہیں بچوں اور نوجوانوں کے لیے کام کرنا پسند ہے تاکہ ان کے لیے بہتر تعلیم کے ذرائع پیدا ہو سکیں اور کرکٹ اور کھیلوں کی دوسری سرگرمیوں میں ان کے لیے پلیٹ فارم مہیا ہو سکے۔

شاہد آفریدی نے کہا آج میں جو بھی ہوں اس میں میرے ملک کے لوگوں کی محبت اور خلوص شامل ہے اور چیریٹی ورک میں میرے لیے یہ سب سے بڑی حوصلہ افزائی کی بات ہے۔

شاہد آفریدی نے ایس اے ایف کو سپورٹ دینے پر پاکستان سے تعلق رکھنے والے کرکٹرز اور بیروں ممالک سے تعلق رکھنے والے کرکٹرز کا شکریہ ادا کیا۔

ان کا کہنا تھا نہ صرف پاکستانی کرکٹرز بلکہ پوری دنیا نے تہہ دل کے ساتھ ایس اے ایف کو سپورٹ کیا۔ پی سی بی ورکشاپس کے ذریعہ باقاعدگی کے ساتھ سرپرستی اور تعاون فراہم کرتا ہے جس پر مختلف کوچز اور عملہ کام کرتا ہے، میں حقیقت میں ہر ایک کا شکر گزار ہوں اسی وجہ سے مجھے مزید کام کرنے کی تحریک ملتی ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.